فوری ریلیز کے لیے: 20/7/2022

گورنر ***KATHY HOCHUL***

گورنر HOCHUL نے انسانی سمگلنگ کے متاثرین کے تحفظ کے لیے معاونت اور وسائل فراہم کرنے کے لیے قانون سازی کے پیکیج پر دستخط کر دیے

مسودۂ قانون (S.7360/A.9821) انسانی سمگلنگ سے متعلق نصاب کو شراب کی تربیت سے متعلق آگاہی میں شامل کرنے کا متقاضی ہے۔

مسودۂ قانون (S.244B/A.887C) رہائش کی سہولیات کے ملازمین کو انسانی سمگلنگ کے متاثرین کی شناخت کرنے کے لیے تربیت دینے کا تقاضہ کرتا ہے۔

مسودۂ قانون (S.8711A/A.9883A) تھرو وے اتھارٹی (Thruway Authority) سے عوامی بیت الخلاؤں میں انسانی سمگلنگ کے متاثرین کے لیے خدمات سے متعلق معلوماتی نشانات اور کارڈ آویزاں کرنے کا متقاضی ہے۔

مسودۂ قانون (S.8678/A.9814) ٹرکوں کی دکانوں سے عوامی بیت الخلاؤں میں انسانی سمگلنگ کے متاثرین کے لیے خدمات سے متعلق معلوماتی نشانات اور کارڈ آویزاں کرنے کا متقاضی ہے۔

مسودۂ قانون (S.8710/A.9406) ہوائی اڈوں سے عوامی بیت الخلاؤں میں انسانی سمگلنگ کے متاثرین کے لیے خدمات سے متعلق معلوماتی نشانات اور کارڈ آویزاں کرنے کا متقاضی ہے۔

مسودۂ قانون (S.8262/A.9169) محکمۂ بندرگاہ کے ہوائی اڈوں سے عوامی بیت الخلاؤں میں انسانی سمگلنگ کے متاثرین کے لیے خدمات سے متعلق معلوماتی نشانات اور کارڈ آویزاں کرنے کا متقاضی ہے۔

مسودۂ قانون (S.8573/A.9410) محکمۂ بندرگاہ کے بس ٹرمینلوں سے عوامی بیت الخلاؤں میں انسانی سمگلنگ کے متاثرین کے لیے خدمات سے متعلق معلوماتی نشانات اور کارڈ آویزاں کرنے کا متقاضی ہے

مسودۂ قانون (S.3374B/A.7818B) الکحل والے مشروبات پیش کرنے والے اداروں سے انسانی سمگلنگ اور امدادی ہاٹ لائن کے جرم کے حوالے سے اشارے ظاہر کرنے کا متقاضی ہے۔

گورنر Kathy Hochul نے انسانی سمگلنگ کے متاثرین کو مدد اور وسائل فراہم کرنے کے لیے آج آٹھ مسودہ ہائے قانون پر دستخط کیے ہیں۔ یہ نئے قوانین ہوائی اڈوں، بس ٹرمینلوں، ہوٹلوں اور ٹرک سٹاپ جیسے مقامات کو انسانی سمگلنگ سے متعلق معلومات نمایاں طور پر آویزاں کرنے کو یقینی بنائیں گے۔ یہ عمل ملازمین اور مہمانوں کو انسانی سمگلنگ کے خوفناک عمل کے بارے میں اہم معلومات سے آگاہ کرے گا، نیز متاثرین کو اپنے حقوق اور دستیاب وسائل کو جاننے کے لیے سمجھدار طریقے فراہم کرے گا۔

گورنر Hochul نے کہا، "ہمیں انسانی سمگلنگ کی لعنت کو ختم کرنے اور نیویارک میں اس گھناؤنے عمل کا شکار ہونے والے ہزاروں افراد کی حفاظت کے لیے اپنے بساط میں ہر ممکن کوشش کرنی چاہیے۔" "نیویارک کے مکینوں

کو انسانی سمگلنگ کی علامات کو جاننا چاہیے اور متاثرین کے لیے کھڑے ہونے کے لیے ہاتھ اٹھانے کو تیار رہنا چاہیے۔ مجھے اس مسودۂ قانون کے پیکج پر دستخط کرنے پر فخر ہے، جس میں ایسی مہمات شامل ہیں جو آگاہی پھیلانے اور ہزاروں زندگیوں میں معنی خیز تبدیلی لانے میں مدد کریں گی۔"

انسانی سمگلنگ کی شناخت کی تربیت
مسودۂ قانون (S.7360/A.9821) ریاست نیویارک کے محکمۂ شراب سے تصدیق شدہ الکحل کی تربیت سے آگاہی پروگراموں میں انسانی سمگلنگ کی تربیت کا جزو شامل کرنے کا تقاضہ کرے گا۔ اس سے انسانی سمگلنگ کی علامات کے بارے میں آگاہی اور سمجھ میں اضافہ ہو گا تاکہ ضرورت پڑنے پر ردِعمل دینے کے لیے انتباہی علامات اور متاثرین کی شناخت کی جا سکے۔

ریاستی سینیٹر James Skoufis نے کہا، "جب نیویارک انسانی سمگلنگ کے پھیلاؤ کے حوالے سے ملک میں مسلسل چوتھے نمبر پر ہے تو قانون سازوں کو چپ نہیں بیٹھنا چاہیے۔ اس غیر انسانی استحصال کو تلاش کرنے اور روکنے کے لیے بارٹینڈرز کو بااختیار بنانے کے لیے ہماری قانون سازی سمگلنگ کے لاتعداد متاثرین کی حفاظت کرے گی۔ میں اس بل پر دستخط کرنے کے ساتھ ساتھ پیکیج میں دیگر حفاظتی اقدامات پر گورنر کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔"

رکنِ اسمبلی Kimberly Jean-Pierre نے کہا، "اس بات کو یقینی بنانا انتہائی اہم ہے کہ بار اور ریستوران کے عملے کو انسانی سمگلنگ کے متاثرین کی مدد کے لیے مناسب طریقے سے تربیت دی گئی ہے۔ انسانی سمگلنگ ایک سماجی اور معاشرتی المیہ ہے جو صحتِ عامہ کو خطرے میں ڈالتا ہے اور تشدد اور جرائم کو ہوا دیتا ہے۔ یہ بل اس مسئلے کے بارے میں بیداری لانے میں مدد دے گا، عملے کے ان ارکان کو علامات کو بہتر طور پر سمجھنے میں مدد کرے گا، اور انہیں اطلاع دینے کے مناسب طریقے سکھائے گا۔ میں یہ دیکھ کر بہت خوش ہوں کہ اس بل پر گورنر Hochul نے دستخط کر دیے ہیں اور میں انسانی سمگلنگ کے خلاف جنگ جاری رکھنے کی منتظر ہوں۔"

یہ مسودۂ قانون (S.244B/A.887C) ہر سرائے، ہوٹل، موٹل، موٹر کورٹ کے لیے یہ شرط قائم کرتا ہے کہ ہر اس ملازم کے لیے جس کا مہمانوں سے ملنے کا امکان ہو انسانی سمگلنگ کے متاثرین کی شناخت کرنے کو اس کی تربیت شامل کرے۔ یہ تربیت ہر ملازم کو ملازمت کے پہلے 60 دنوں کے اندر فراہم کی جائے گی۔ فوجداری انصاف کی خدمات کا ڈویژن (Division of Criminal Justice Services)، اور عارضی اور معذوری میں امداد کا دفتر (Office of Temporary and Disability Assistance) تربیتی نصاب فراہم کرے گا یا اس کی منظوری دے گا۔

ریاستی سینیٹر Shelley Mayer نے کہا، "انسانی سمگلنگ کے متاثرین، بشمول بچے، نیویارک ریاست میں شہری، مضافاتی اور دیہی علاقوں میں ہمارے درمیان موجود ہیں۔ اگر ہوٹلوں اور موٹلوں کے ملازمین کے پاس مناسب تربیت ہو، تو وہ اس کو دیکھنے اور روکنے میں اہم کردار ادا کر سکتے ہیں، یہی وجہ ہے کہ مجھے S.244B کی کفالت کرنے پر فخر ہے۔ اس کوشش میں ان کی شراکت داری کے لیے رکنِ اسمبلی Amy Paulin اور اس اہم اقدام پر دستخط کرنے کے لیے گورنر Kathy Hochul کا شکریہ۔"

رکنِ اسمبلی Amy Paulin نے کہا، "ہر روز، خواتین اور لڑکیوں کو جنسی سمگلروں کی طرف سے مجبور کیا جاتا ہے کہ وہ خود کو قابلِ خرچ آمدنی والے مردوں کے ہاتھ بیچ دیں۔ مجھے غیر قانونی جنسی سمگلنگ کی صنعت سے نمٹنے کے لیے قانون سازی کرنے پر فخر ہے جس کے لیے نقل و حمل کے اہم مراکز میں متاثرین کے لیے اہم امدادی خدمات کی تشہیر کے ساتھ ساتھ ہوٹل کے کارکنوں کے لیے تربیت کی ضرورت ہے تاکہ وہ سمگلنگ کی نشاندہی کر سکیں اور اس کی اطلاع دے سکیں۔ جنسی سمگلنگ اکثر نظروں کے سامنے ہو رہی ہوتی ہے لیکن اس کی شناخت نہیں ہوتی، اور کام کرنے کے لیے رہائش اور آنے جانے پر منحصر ہے۔ ان چوراہوں پر متاثرین تک پہنچ کر جہاں ان کی شناخت کی جا سکتی ہے اور انہیں خدمات سے منسلک کیا جا سکتا ہے، ہم انہیں تحفظ اور آزادی کے لیے خطِ حیات پیش کر سکتے ہیں۔ میں ان بلوں پر دستخط کرنے اور ان کے عزم کے لیے گورنر Hochul کو خراج تحسین پیش کرتی ہوں۔"

انسانی سمگلنگ کی خدمات سے متعلق آگاہی
مسودۂ قانون (S.8711A/A.9883A) تھرو وے اتھارٹی کے تمام بیت الخلاؤں میں سمگلنگ کے متاثرین کے لیے خدمات کے ساتھ ساتھ قومی انسانی سمگلنگ ہاٹ لائن نمبر پر معلومات آویزاں کرنے کا تقاضہ کرے گا۔ یہ خدمت کے شعبوں میں متاثرین کے لیے دستیاب وسائل زیادہ سے زیادہ نظر آنے کے قابل بنائے گا تاکہ وہ اپنے حالات سے فرار ہو سکیں۔ سمگلنگ کی 80 فیصد سے زیادہ کارروائیوں میں موٹر گاڑیاں استعمال ہوتی ہیں، جن میں سے اکثر ریاست نیویارک کے تھرو وے کے زیرِ انتظام 27 خدمت کے علاقوں پر رک سکتی ہیں۔

ریاستی سینیٹر Cordell Cleare نے کہا، "سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے خواتین کے مسائل کی سربراہ کے طور پر، انسانی سمگلنگ کا خاتمہ میری اولین ترجیح رہی ہے۔ میں مسودۂ قانون S.8711-A پر دستخط کرنے کے لیے گورنر کو سراہتی ہوں، جس کے لیے تھرو وے اتھارٹی کے تمام خدمت کے علاقوں پر فعال معلومات آویزاں کرنے کی ضرورت ہے۔ اس سال، میں نے انسانی سمگلنگ سے متعلق 14 بل پیش کیے، جن میں سے 5 سینیٹ سے پاس ہوئے؛ میں اس مسئلے پر اس وقت تک آگے بڑھتی رہوں گی جب تک کہ اس قابلِ نفرت عمل کو زمین سے ختم نہیں کر دیا جاتا اور ہمارے علاقے ٹھیک ہونے لگ جائیں۔"

مسودۂ قانون (S.8678/A.9814) تمام ٹرکوں کی دکانوں کے بیت الخلاؤں میں سمگلنگ کے متاثرین کے لیے خدمات کے ساتھ ساتھ قومی انسانی سمگلنگ ہاٹ لائن نمبر پر معلومات آویزاں کرنے کا تقاضہ کرتا ہے۔ یہ متاثرین کو اپنے حالات سے بچنے میں مدد کے لیے دستیاب وسائل کے بارے میں مزید آگاہی فراہم کرے گا۔

ریاستی سینیٹر Samra G. Brouk نے کہا، "انسانی سمگلر دن کی روشنی میں ہمارے نقل و حمل کے بنیادی ڈھانچے کا استعمال کرتے ہیں اور دن کی روشنی میں غیر ذمہ دارانہ جرائم کا ارتکاب کرتے ہیں اور جیسے جیسے موسم گرما کے مہینوں میں ریاست بھر میں سفر میں اضافہ ہوتا ہے، یہ ضروری ہے کہ ہمیں مداخلت کرنے اور زندگیوں کو ٹھیک کرنے کے لیے ہر موقعے کوا استعمال کرنا چاہیے۔ میں گورنر اور رکنِ اسمبلی Paulin کی شکر گزار ہوں کہ انہوں نے اس قانون سازی میں ٹرک سٹاپوں اور ہوائی اڈوں پر سمگلنگ کے متاثرین کے لیے جان بچانے والی معلومات فراہم کیں، جو نیویارک کو ہمارے خاندانوں، خاص طور پر خواتین اور بچوں کے لیے محفوظ جگہ بناتا ہے۔"

مسودۂ قانون (S.8710/A.9406) تمام تجاری خدمت کے اور عام ہوا بازی کے ہوائی اڈوں سے سمگلنگ کے متاثرین کے لیے خدمات کے ساتھ ساتھ قومی انسانی سمگلنگ ہاٹ لائن نمبر پر معلومات آویزاں کرنے کا تقاضہ کرتا ہے۔ ہوائی کمپنیاں قومی اور بین الاقوامی سطح پر انسانی سمگلنگ کا ایک مشترکہ مرکز ہیں۔ ایک نمایاں جگہ پر ضروری معلومات فراہم کرنے سے، انسانی سمگلنگ کے ممکنہ متاثرین کو اپنے حالات سے فرار ہونے میں مدد کے لیے دستیاب وسائل کے بارے میں معلوم ہو جائے گا۔

مسودۂ قانون (S.8262/A.9169) محکمۂ بندرگاہ کے تمام ہوائی اڈوں کے بیت الخلاؤں میں سمگلنگ کے متاثرین کے لیے خدمات کے ساتھ ساتھ قومی انسانی سمگلنگ ہاٹ لائن نمبر پر معلومات آویزاں کرنے کا تقاضہ کرے گا۔ ہوائی کمپنیاں قومی اور بین الاقوامی سطح پر انسانی سمگلنگ کا ایک مشترکہ مرکز ہیں۔ ایک نمایاں جگہ پر ضروری معلومات فراہم کرنے سے، انسانی سمگلنگ کے ممکنہ متاثرین کو اپنے حالات سے فرار ہونے میں مدد کے لیے دستیاب وسائل کے بارے میں معلوم ہو جائے گا۔

ریاستی سینیٹر Anna Kaplan نے کہا، "کوئی بھی سماج انسانی سمگلنگ کی لعنت سے محفوظ نہیں ہے، اور یہ بہت اہم ہے کہ ہم متاثرین کو ان کے اغوا کاروں سے بچنے اور اس صدمے سے بچنے کا موقع فراہم کرنے کے لیے ہر ممکن کوشش کریں جس کو وہ برداشت کرنے پر مجبور ہوئے ہیں۔ قومی انسانی سمگلنگ ہاٹ لائن کو ان جگہوں پر نمایاں طور پر آویزاں کرنا جہاں متاثرین دیکھیں گے کہ یہ ایک ضرورت مند شخص کی مدد کرنے کا ایک عام فہم طریقہ ہے، اور اس سے عوام میں اس مسئلے کے بارے میں بیداری پیدا کرنے میں مدد ملے گی جو اس میں آگے آنے اور مدد کرنے کے قابل ہو سکتے ہیں۔ مجھے اس قانون سازی پر رکنِ اسمبلی Amy Paulin کے ساتھ شریک ہونے پر فخر ہے جو ہوائی اڈوں اور بس ٹرمینلوں سے متاثرین کے وسائل کو آویزاں کرنے کا تقاضہ کرے گا، اور میں قانون کے مسودوں پر دستخط کر کے انہیں قانون بنانے پر گورنر Hochul کی قیادت کی شکر گزار ہوں۔"

مسودۂ قانون (S.8573/A.9410) محکمۂ بندرگاہ کے تمام بس ٹرمینلوں کے بیت الخلاؤں میں سمگلنگ کے متاثرین کے لیے خدمات کے ساتھ ساتھ قومی انسانی سمگلنگ ہاٹ لائن نمبر پر معلومات آویزاں کرنے کا تقاضہ کرے گا۔ بس ٹرمینلوں پر گمنامی اور آسانی کی وجہ سے، یہ سمگلنگ کے متاثرین کے لیے استعمال ہونے والے معروف مراکز ہیں۔ انسانی سمگلنگ کے متاثرین کے لیے مختلف خدمات کے ساتھ ساتھ قومی انسانی سمگلنگ کے ہاٹ لائن نمبر کے بارے میں معلومات کو نمایاں طور پر آویزاں کرنے سے، زیادہ متاثرین ان وسائل کے بارے میں آگاہ ہوں گے جنہیں ان کے اغوا کاروں سے فرار ہونے کے لیے استعمال کیا جا سکتا ہے۔

مسودۂ قانون (S.3374B/A.7818B) الکحل مشروبات یا بالغوں کا تفریح سامان فروخت کرنے والے اداروں سے تقاضہ کرے گا کہ وہ انسانی سمگلنگ کے جرائم کے نوٹس اور انسانی سمگلنگ کے قومی مرکزِ وسائل (National Human Trafficking Resource Center) کی ہاٹ لائن نیز افراد کی سمگلنگ اور کارکنوں کے استحصال کی ٹاسک فورس (Trafficking in Persons and Worker Exploitation Task Force) کی شکایات کی لائنوں کو واضح طور آویزاں کریں۔ بہت سے تفریحی کلب اور بار انسانی سمگلنگ اور جبری مشقت کے مقامات ہیں، اور ان ہاٹ لائنز کے بارے میں بیداری بڑھانے سے جرم اور اس کے انتباہی علامات کے بارے میں آگاہی بڑھے گی، اور ساتھ ہی اس جرم کا شکار ہونے والوں کی مدد کے لیے وسائل کے بارے میں آگاہی فراہم کرے گی۔

ریاستی سینیٹر Jamaal Bailey نے کہا، "انسانی سمگلنگ ایک بڑھتا ہوا اور پھیلنے والا مسئلہ ہے جو ہمارے تمام علاقوں کو متاثر کرتا ہے۔ قانون سازی کا یہ پیکج انسانی سمگلنگ کی لعنت سے نمٹنے، متاثرین کے لیے وسائل کو فروغ دینے، اور استحصال کے چکر کو توڑنے کے لیے حفاظتی اقدامات کو آگے بڑھانے کے لیے کام کرتا ہے۔ میرا مسودۂ قانون یہ لازمی قرار دے گا کہ شراب کے لائسنس کے ساتھ کوئی بھی جگہ اور بالغوں کے تمام تفریحی مقامات انسانی سمگلنگ کی ہاٹ لائن سے متعلق رابطے کی معلومات کو نمایاں طور پر آویزاں کریں۔ سمگلنگ کے متاثرین کو مدد کے حصول میں غیر معمولی رکاوٹوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ ان اداروں میں جہاں متاثرین کو زیادہ خطرہ لاحق ہو وہاں دکھائی دینے والے نشانات سے لازمی طور پر جان بچانے والی امداد تک رسائی میں مدد ملے گی۔ میں اس اہم قانون سازی پر دستخط کرنے پر گورنر Kathy Hochul کا شکریہ ادا کرنا چاہتا ہوں، اسمبلی کی کفیل Catalina Cruz، سینیٹ کی اکثریتی رہنما Andrea Stewart-Cousins، اسپیکر Carl E. Heastie، اور دونوں ایوانوں میں اپنے ساتھیوں کا بھی شکریہ کہ انہوں نے ہمارے علاقوں کو محفوظ رکھنے کے لیے کارروائی کی۔"

رکنِ اسمبلی Catalina Cruz نے کہا، "انسانی سمگلنگ، یا جدید دور کی غلامی، ہمارے معاشرے کے لیے ایک لعنت ہے جس کا بہت سے محاذوں پر مقابلہ کیا جانا لازمی ہے۔ میرا مسودۂ قانون متاثرین کی مدد کے لیے خدمات کے بارے میں معلومات کو زیادہ نمایاں اور قابل رسائی بنا کر عوامی بیداری کو ہدف بناتا ہے۔ دورِ جدید کی غلامی کی ہولناکیوں کو ختم کرنے کے لیے مزید کام کی ضرورت ہے اور میں اس کا مقابلہ کرنے کے لیے اپنی کوششیں جاری رکھوں گی۔ میں اس قانون سازی کی حمایت کرنے کے لیے گورنر Hochul اور سینیٹر Jamaal Bailey کا اس معاملے پر ان کی قیادت کے لیے شکریہ ادا کرنا چاہوں گی۔"

###

اضافی خبریں یہاں دستیاب ہیں www.governor.ny.gov
ریاست نیویارک | ایگزیکٹو چیمبر | 518.474.8418 | press.office@exec.ny.gov